# 26-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کو متحد کرنے اور اس کی سلامتی کے تحفظ کے لیے سردار ولبھ بھائی پٹیل کا تعاون بے پناہ ہے۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے انکشاف کیا کہ تہواروں کے موسم میں مقامی طور پر تیار کردہ اشیاء کی خریداری میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ہر کسی کو سودیشی تصور کا استعمال کرنا چاہیئے۔

۳۔ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ ریاست میں جلد ہی آنگن واڑی اساتذہ اور ہلپرس کے 14 ہزار عہدے پر کیئے جائیں گے۔

اور

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ سمندری طوفان موندھا تلنگانہ کو متاثر کرسکتا ہے۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ سمندری طوفان موندھا تلنگانہ کو متاثر کرسکتا ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ جاریہ مہینہ کی 28 تاریخ کو بھوپال پلی، ملوگو، بھدرادری کوتہ گوڑم اور محبوب آباد اضلاع میں بھاری سے بہت زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے اور کمرم بھیم، منچریال، پداپلی، کھمم اور ورنگل اضلاع میں بہت زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔ریاستی حکومت نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طوفان سے متاثرہ اضلاع کے لوگ چوکس رہیں اور کسی بھی جانی نقصان کو روکنے کے لیے مناسب راحت کاری انتظام کریں۔

Anganwadi post

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ ریاست میں جلد ہی آنگن واڑی اساتذہ اور ہلپرس کے 14 ہزار عہدے پر کیئے جائیں گے۔ ریاستی وزیر نے یہ اعلان خواتین کی بہبود کے محکمہ میں گریڈ ون سوپروائزر کے طور پر تعینات ہونے والوں کو تقرری کے دستاویزات حوالے کرنے کے پروگرام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ 14 ہزار جائیدادوں کو پر کرنے سے آنگن واڑی مراکز کے انتظام میں مزید بہتری آئے گی۔

Jubilee Hills By Election

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے دعویٰ کیا کہ کانگریس امیدوار جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں کامیابی حاصل کرے گا۔ انہوں نے آج جوبلی ہلز حلقہ میں انتخابی مہم چلائی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ماضی میں بی آر ایس انتظامیہ کی وجہ سے بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تھا یہی وجہ ہے کہ کانگریس پارٹی ریاست میں اقتدار سے منسلک ہے۔

secunderabad railway station

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کی جدیدکاری کا کام 46 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے پلیٹ فارم کی عمارت کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے، جبکہ ساؤتھ مین بلڈنگ، ملٹی لیول کار پارکنگ اور رفٹ اوور برج کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ مرکزی حکومت امرت بھارت اسکیم کے تحت 714.73 کروڑ روپے کی رقم سے سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کو جدید بنا رہی ہے۔

Shamshabad Drugs

شمس آباد ایرپورٹ پر 4.15 کلو منشیات ضبط کی گئی ہیں۔ سرکاری حکام نے اِس بات کا انکشاف کیا۔ بتایا جا رہا ہے کہ بینکاک سے آنے والی ایک مسافر کی جانب سے ڈرگس ضبط کیئے گئے۔ ڈی آر آئی عہدیداروں کے مطابق اس کی قیمت 4.15 کروڑ ہے۔

Mann Ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کو متحد کرنے اور اس کی سلامتی کے تحفظ کے لیے سردار ولبھ بھائی پٹیل کا تعاون بے پناہ ہے۔ وزیر اعظم نے آج آل انڈیا ریڈیو پر نشر ہونے والے من کی بات کے 127 ویں ایپی سوڈ کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے لوگوں سے جاریہ مہینہ کی 31 تاریخ کو سردار ولبھ بھائی پٹیل کی یوم پیدائش کے موقع پر منعقد ہونے والے رن فار یونٹی میں شرکت کرنے کی اپیل کی۔

Byte Prime Minister Sardar Patel

بنکم چندر چٹرجی کے لکھے ہوئے وندے ماترم گیت نے ملک کے لوگوں کو بہت متاثر کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ وندے ماترم گانے کی ریلیز کی 150 ویں سالگرہ کا جشن شاندار طریقے سے منایا جانا چاہیے۔ وندے ماترم کی 150 ویں سالگرہ کی تقریبات اگلے مہینے کی 7 تاریخ سے شروع ہوں گی اور اس موقع پر ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد کیے جائیں گے، اور وزیر اعظم نریندر مودی نے امید ظاہر کی کہ تمام لوگ ان میں شرکت کریں۔

Byte Prime Minister Modi --- Vande Mataram

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ جی ایس ٹی میں حالیہ اصلاحات سے ملک کے تمام طبقات میں خوشی کی لہر دیکھی جارہی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ تہواروں کے موسم میں مقامی طور پر تیار کردہ اشیاء کی خریداری میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہر کسی کو سودیشی تصور کا استعمال کرنا چاہیئے ۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک نے ان کے کھانے کو پکانے کے تیل کی کھپت کو کم از کم 10 فیصد تک کم کرنے کے مطالبے پر مثبت اور غیر معمولی ردعمل دیا ہے۔

Byte Prime Minister Modi - Desi Goods

وزیراعظم نریندر مودی نے کمرم بھیم کو ایک قبائلی جنگجو کے طور پر بیان کیا ہے جنہوں نے انگریزوں کی استحصالی پالیسیوں اور نظام کے عوام دشمن اقدامات کا بہادری سے سامنا کیا۔مودی نے جاریہ مہینے کی 22 تاریخ کو کمرم بھیم کو ان کی یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کمرم بھیم نوجوان نسل کے لیے ایک تحریک رہیں گے۔

Byte Prime Minister Modi ----- Komaram Bheem

Aadhaar Enrollment

محکمہ فینانس نے اسٹیٹ ٹریژری ڈائریکٹوریٹ کو ان ملازمین کو جاریہ ماہ کی تنخواہ روکنے کی ہدایات جاری کی ہیں جنہوں نے اپنے آدھار نمبر کی تفصیلات آن لائن رجسٹر نہیں کرائی ہیں۔پچھلے مہینے محکمہ نے احکامات جاری کئے تھے کہ ریاست میں کام کرنے والے تمام مستقل اور عارضی ملازمین کے نام،عہدہ، آدھار اور سیل فون نمبر اس مہینے کی 10 تاریخ تک آن لائن رجسٹر کر لیے جائیں۔تاہم کئی محکموں کی جانب سے جواب نہ ملنے کی وجہ سے حال ہی میں حکم دیا گیا ہے کہ ان لوگوں کی رواں ماہ کی تنخواہیں روک دی جائیں جنہوں نے ابھی تک تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ریاست کے ملازمین میں سے 5.21 لاکھ مستقل زمرے میں ہیں اور 4.93 لاکھ عارضی زمرے میں ہیں۔

Mega Job Mela

کھمم ضلع کے ستوپلی حلقہ کے تحت وینسور میں ایک میگا جاب میلہ کا انعقاد کیا گیا۔ایم ایل اے مٹا راگامائی کی سرپرستی میں سنگارینی اور ٹاسک کے زیراہتمام میگا جاب میلہ میں بے روزگار نوجوان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔میلے میں تقریباً 66 آئی ٹی اور نان آئی ٹی کمپنیوں نے شرکت کی۔بغیر کسی پریشانی کے انتظامات کیے گئے تھے۔

Sangareddy District

ا جائے گا ٹائیلدرس میں کی حصہ لینے کے لیے ضلع سنگاریڈی کے تمام شوقین رضا کاروں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنا نام درج کروائیں، یہ بات ضلع کے فاریسٹ آفیسر سری دھر راؤ نے کہی۔ انہوں نے بتایا کہ پورے ملک کے تمام جنگلاتی علاقوں میں ایک ہی وقت میں شیر کی تعداد کا تخمینہ لگایا جائے گا۔ ہر علاقے کے لیے تین افراد پر مشتمل ایک ٹیم درکار ہوگی۔ چونکہ محکمہ جنگلات کا عملہ محدود ہے، اس لیے فارغ التحصیل، ڈگری یا پوسٹ گریجویٹ طلبہ سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ رضا کارانہ طور پر اس پروگرام میں حصہ لیں۔ اس پروگرام میں حصہ لینے والوں اور فیلڈ اسٹاف کو اس ماہ کی 27 تاریخ کو تربیت دی جائے گی۔

Governor Jishnu Dev Varma

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے کہا کہ اگر ہر فرد سماجی خدمت میں شامل ہو جائے تو امن اور پائیداری حاصل کی جا سکتی ہے۔ ناگر کرنول ضلع کے اچم پیٹ میں ون واسی کلیان پریشد کی زیرِ اہتمام ایک ہی اسٹیج پر 111 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس پروگرام میں گورنر جشنو دیو ورما، ہائی کورٹ کی جج جسٹس ٹی مادھوی دیوی اور ون واسی کلیان پریشد کے اہم رہنما شریک ہوئے۔ سال 2021 میں 140 جوڑوں کی شادیاں کرائی گئی تھیں، جب کہ اس مرتبہ 111 جوڑوں کی شادیاں منعقد ہوئیں۔ اس موقع پر گورنر نے اپنے خطاب میں کہا...

Sound Byte.

Mann Ki Baat Reaction

وزیر اعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کے تعلق سے ملک کے شہریوں نے خوشی اور مسرت کا اظہار کیا ہے۔

OO